ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(101)

مورخہ 23.02.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 13 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سمہ سٹہ، تھانہ مسافر خانہ، تھانہ صدر یزمان اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 06 ملزمان حنیف، نجف، صابر، فدا حسین، صدی احمد اور عبدالخالق کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 283 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ سٹی یزمان، تھانہ عباسنگر اور تھانہ اوچشریف پولیس نے منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان شہزاد، الطاف اور اعجاز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 کلو 380 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ عباسنگر، مسافر خانہ، تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 04 ملزمان سجاد، علی احتشام، عدنان حقانی اور محمد حاجی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (102)

23.02.24

بہاول پور(   )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس